© rasailojaraid.com



راسخ عرفانی

# نذرِ عقیدت

حرفِ خاموش ہیں جبریلِ امیں آپؐ کے بعد ○ ختم ہے سلسلۂ وحیٔ مبیں آپؐ کے بعد

کس نے بندوں کو کیا حق کے قریں آپؐ کے بعد ○ کون پہنچا ہے سرِ عرشِ بریں آپؐ کے بعد

دہر میں حضرتِ موسیٰ بھی چلے آئیں اگر ○ وہ طاعت کے سزاوار نہیں آپؐ کے بعد

چشمِ مشتاق نے دیکھا ہے تحمّل ایسا ○ نہ کہیں آپؐ سے پہلے نہ کہیں آپؐ کے بعد

آپؐ کے علم سے فاران کے ذرّے چمکے ○ کس کو خدّام کہیں فخرِ زمیں آپؐ کے بعد

چھپ گئیں ابر کے جھلوں میں عروسانِ فلک ○ پڑ گئی ماند ستاروں کی جبیں آپؐ کے بعد

عرصۂ حشر میں راسخ کو نہ تنہا چھوڑیں
کون پوچھے گا اسے مہرِ دیں آپؐ کے بعد

© rasailojaraid.com